# والدین کے لیے منتقلی کی معلومات بشمول منتقلی کے مراحل
**(Transition Information for Parents Including Steps for Transition)**

NEW YORK STATE DEPARTMENT OF HEALTH
Bureau of Early Intervention

**محترم والد/والدہ/قانونی سرپرست/سروگیٹ:**

آپ کا بچہ جلد ہی تین سال کا ہو جائے گا اور وہ پری اسکول کی خصوصی تعلیم کا اہل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ پری اسکول کی خصوصی تعلیم کے لیے اہل پایا جاتا ہے، تو آپ کا بچہ یا تو:

پری اسکول کی خصوصی تعلیم شروع کرے گا، بتاریخ ______________

**یا**

ابتدائی معاونت کے پروگرام (Early Intervention Program) میں ____________ تک رہے گا اور اگلے دن پری اسکول کی خصوصی تعلیم شروع کرے گا۔

یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کا بچہ پری اسکول کی خصوصی تعلیم کے معیار پر پورا نہ اترے۔ ایسی صورت میں، ابتدائی معاونت کے پروگرام کی خدمات آپ کے بچے کے تین سال کے ہو جانے کے دن ختم ہو جائیں گی۔ آپ کا سروس کوآرڈینیٹر (Service Coordinator) آپ کو منتقلی کا منصوبہ تیار کرنے میں مدد دے گا جس میں آپ کے بچے اور آپ کے خاندان کے لیے اگلے مراحل اور دیگر معاونتوں اور خدمات کے ریفرل شامل ہوں گے۔

*صرف آپ کے مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کی کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم (Committee on Preschool Special Education)* یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ آیا آپ کا بچہ پری اسکول کی خصوصی تعلیم کے لیے اہل ہے۔

اس نوٹس میں آپ کو ان اقدامات کے بارے میں بتایا گیا ہے جو آپ، آپ کے سروس کوآرڈینیٹر اور کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو یہ جاننے کے لیے اٹھانے چاہئیں کہ آیا آپ کا بچہ پری اسکول کی خصوصی تعلیم کے معیار پر پورا اترتا ہے۔ ان اقدامات میں درج ذیل شامل ہیں:

- اپنے سروس کوآرڈینیٹر کے ساتھ مل کر منصوبہ بندی کرنا تاکہ آپ کے بچے کو ابتدائی معاونت کے پروگرام سے پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن میں منتقلی کے لیے ضروری اقدامات اور خدمات فراہم کی جا سکیں،
- یہ فیصلہ کرنا کہ آیا آپ اپنے بچے کی کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو اطلاع دینے سے (تحریری طور پر) دستبردار ہونا چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن کے لیے اہل ہو سکتا ہے،
- اگر آپ چاہیں، تو اپنے سروس کوآرڈینیٹر اور پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن سروسز کے چیئر پرس (chairperson) یا اس کے نمائندے کے ساتھ (منتقلی کانفرنس (Transition Conference)) میں ملاقات کرنا،
- اپنے بچے کو کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو ریفر کرنا،
- یہ فیصلہ کرنا کہ ابتدائی معاونت کے پروگرام کے کون سے ریکارڈز کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو بھیجے جائیں گے،
- اپنے بچے کی کمیٹی برائے پری اسکول کی خصوصی تعلیم کے ریعے جائزہ لینا، اور
- اپنے بچے کی منتقلی کی تاریخ کا تعین کرنا۔

اگر آپ کے بچے کی کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کے ذریعے جائزہ نہیں لیا جاتا اور کمیٹی آپ کے بچے کو تین سال کا ہونے سے پہلے خدمات کے لیے اہل قرار نہیں دیتی، تو آپ کے بچے کی ابتدائی معاونت کے پروگرام کی خدمات *آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے ایک دن پہلے* ختم ہو جائیں گی۔ **یاد رکھیں**، کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو یہ فیصلہ کرنا ضروری ہے کہ آیا آپ کا بچہ *تین سال کا ہونے سے پہلے* خدمات کے لیے اہل ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے بچے کو اس کی مطلوبہ خدمات مل سکیں۔

**براہ کرم درج ذیل معلومات غور سے پڑھیں۔**
آپ کا سروس کوآرڈینیٹر آپ کے کسی بھی قسم کے سوالات کے جوابات دے سکتا ہے۔

## منتقلی کے مراحل

- آپ کا سروس کوآرڈینیٹر آپ سے ملاقات کر کے منتقلی کا ایک منصوبہ تیار کرے گا جو ان اقدامات کی نشاندہی کرے گا جو آپ اور آپ کے بچے کو ابتدائی معاونت کے پروگرام چھوڑنے اور نئی خدمات مثلاً پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن، Head Start وغیرہ شروع کرنے میں مدد فراہم کریں گے۔ منتقلی کے منصوبے میں وہ تمام معاونت اور حمایت شامل ہونی چاہیے جو آپ یا آپ کے بچے کو خدمات میں تبدیلیوں کے ساتھ ایڈجسٹ کرنے کے لیے درکار ہو سکتی ہو۔
- آپ کے سروس کوآرڈینیٹر کو آپ کے اسکول ڈسٹرکٹ کو مطلع کرنا چاہیے کہ آپ کا بچہ پری اسکول کے خصوصی تعلیمی پروگراموں اور خدمات کے لیے اہل ہو سکتا ہے۔ آپ کو تحریری طور پر اس اطلاع سے دستبردار (اعتراض) ہونے کا موقع ملے گا۔ اگر آپ تحریری طور پر دستبردار (اعتراض) ہوتے ہیں، تو آپ کا سروس کوآرڈینیٹر یہ قدم نہیں اٹھا سکتا۔
- آپ کے سروس کوآرڈینیٹر کے لیے ضروری ہے کہ وہ آپ کو سروس کوآرڈینیٹر اور کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کے چیئرپرسن (یا اس کے نامزد کردہ فرد) سے ایک ساتھ ملاقات کرنے کا موقع فراہم کرے۔ اگر آپ کا بچہ پہلے سے کسی دوسرے ریاستی ادارے سے کوئی خدمات حاصل کر رہا ہو یا اسے کسی اضافی خدمات کی ضرورت ہو، تو اس ادارے کے نمائندے کا بھی شرکت کرنا مناسب ہو سکتا ہے۔ اس میٹنگ کو "منتقلی کی کانفرنس" کہا جاتا ہے۔

**یہ فیصلہ آپ کرتے ہیں کہ آیا آپ منتقلی کانفرنس چاہتے ہیں یا نہیں۔ آپ سے کہا جائے گا کہ آپ اپنے سروس کوآرڈینیٹر کو اس کانفرنس کے انعقاد کے لیے اپنی رضامندی دیں۔ *اگر آپ منتقلی کی کانفرنس چاہتے ہوں، تو سروس کوآرڈینیٹر کو کانفرنس کا اہتمام کرنے کے لیے آپ کی رضامندی کی ضرورت ہو گی۔* آپ کانفرنس سے انکار بھی کر سکتے ہیں۔**

**منتقلی کی کانفرنس کو ایک ایسے وقت اور مقام پر منعقد کیا جانا چاہیے، جو تمام شرکاء کے لیے مناسب ہو۔ کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کا چیئرمین/نمائندہ بذریعہ فون شرکت کر سکتا ہے۔**

**منتقلی کی کانفرنس کے اہم اہداف درج ذیل ہیں:**

- ابتدائی معاونت کے پروگرام اور پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن خدمات کے درمیان فرق کا جائزہ لینا،
- اس بارے میں بات کرنا کہ آپ کے بچے کو کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو کب اور کیسے ریفر کیا جائے،
- کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کا جائزہ اور اہلیت کے عمل سے متعلق کمیٹی کے بارے میں بات کرنا،
- آپ کے کسی بھی قسم کے سوالات کے جوابات دینا،
- آپ کے بچے کے لیے کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کے ذریعے خدمات کے اختیارات کا جائزہ لینا، اور
- منتقلی کا ایک منصوبہ تیار کرنا یا اپ ڈیٹ کرنا۔

چاہے آپ منتقلی کانفرنس منعقد کروانے کا انتخاب کریں یا نہیں، آپ اپنے بچے کو اسکول ڈسٹرکٹ کی کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو ریفر کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ آپ کا سروس کوآرڈینیٹر یہ ریفرل دینے میں آپ کو مدد فراہم کر سکتا ہے۔

**آپ کو اپنے بچے کے ریفرل کے لیے کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو اتنا کافی وقت دینا ہو گا تاکہ وہ آپ کے بچے کا آسانی سے جائزہ مکمل کر سکے اور آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے پہلے پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن کے لیے اہلیت کے بارے میں فیصلہ کر سکے۔ ورنہ، ابتدائی معاونت کے پروگرام کی خدمات آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ کے دن ختم ہو جائیں گی۔**

- ایک بار جب آپ کے بچے کو ریفر کر دیا جائے گا، تو کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم آپ سے رابطہ کر کے آپ کو بتائے گی کہ آپ کے بچے کا جائزہ کس طرح لیا جائے گا۔ ***کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم آپ کے بچے کے جائزے کے بارے میں آپ کی رضامندی حاصل کرے گی۔***

**جائزے کے رضامندی فارم پر *فوراً* دستخظ کر کے اسے واپس بھیج دیں۔ آپ کی رضامندی حاصل ہونے کے بعد کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کے پاس آپ کے بچے کا جائزہ لینے اور یہ فیصلہ کرنے کے لیے کافی وقت موجود ہونا چاہیے کہ آیا آپ کا بچہ تین سال کا ہونے سے پہلے پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن کے لیے اہل ہے یا نہیں۔ کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم آپ سے رابطہ کرے گی تاکہ آپ کے بچے کے جائزے کا انتظام کیا جا سکے۔**

**اگر آپ اپنے بچے کےجائزے کی رضامندی پر دستخط نہیں کرتے اور اسے واپس نہیں بھیجتے، تو کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم یہ یقینی بنانے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گی کہ آیا آپ کو مواد موصول ہو گیا ہے اور آپ کو سمجھ آ گئی ہے۔**

- کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم آپ کے بچے کے ابتدائی معاونت کے پروگرام کے ریکارڈز کو استعمال کر سکتی ہے تاکہ یہ فیصلہ کیا جا سکے کہ آپ کے بچے کا جائزہ کیسے لیا جائے گا۔ آپ کا سروس کوآرڈینیٹر آپ کے ساتھ مل کر ابتدائی معاونت کے پروگرام کے جائزوں کی رپورٹس اور دیگر ایسے ریکارڈز کی نشاندہی کرے گا جو آپ کے بچے کے جائزے کے لیے مددگار ہو سکتے ہیں۔ آپ کے سروس کوآرڈینیٹر کو کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو ابتدائی معاونت کے پروگرام کےجائزوں کی رپورٹس اور ایسے ریکارڈز فراہم کرنے کے لیے آپ کی ***رضامندی کی ضرورت ہو گی***، جو آپ کے بچے کے جائزے کے لیے مددگار ہو سکتے ہوں۔
- کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو آپ کے بچے کی اہلیت اور خدمات کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے ایک میٹنگ منعقد کرنی ہو گی اور آپ کی رضامندی حاصل کرنے کے ***60 کیلنڈری دنوں*** کے اندر بورڈ آف ایجوکیشن (Board of Education) کو سفارشات فراہم کرنی ہوں گی۔

**جس طرح آپ اپنی انفرادی فیملی سروس پلان (Individualized Family Service Plan) ٹیم کے رکن ہیں، اسی طرح آپ اپنے بچے کے لیے کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کے بھی رکن ہوں گے۔**

**آپ کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کے ابتدائی معاونت کے پروگرام کے سروس کوآرڈینیٹر کو بھی اس میٹنگ میں مدعو کریں۔**

**آپ کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم سے یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہ میٹنگ میں والدین میں سے اضافی کمیٹی رکن کو بھی شامل کریں۔ یہ درخواست کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو میٹنگ سے کم از کم 72 گھنٹے پہلے کی جانی چاہیے۔ ایک اضافی والدین رکن وہ والد/والدہ ہوتا ہے جو کسی معذوری والے بچے کا والد/والدہ ہو اور وہ اسکول ڈسٹرکٹ میں یا قریبی اسکول ڈسٹرکٹ میں رہائش پذیر ہو۔**

- اگر آپ کا بچہ پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن کے لیے اہل ہوتا ہے، تو آپ کے بچے کے لیے ایک انفرادی تعلیمی پروگرام تیار کیا جائے گا۔

**کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم آپ کے بچے کے انفرادی تعلیمی پروگرام اور انفرادی فیملی سروس پلان کے درمیان فرق کی وضاحت کرے گی۔**

**آپ انتخاب کر سکتے ہیں کہ جب آپ کا بچہ پہلی بار پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن کے لیے اہل ہو، تو آپ پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن پروگرامز اور خدمات کا حصول شروع کریں یا آپ اپنے بچے کی عمر کی حد پوری ہونے تک ابتدائی معاونت کے پروگرام میں بھی رہ سکتے ہیں۔**

**اگر آپ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ ابتدائی معاونت کے پروگرام میں ہی رہے، تو آپ کسی بھی وقت پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن پروگراموں اور خدمات شروع کرنے کے لیے ابتدائی معاونت کے پروگرام چھوڑنے کا انتخاب کر سکتے ہیں، اس کے کیے آپ کو بس پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن کمیٹی کے چیئرمین سے رابطہ کرنا ہو گا۔**

- اگر آپ کا بچہ پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن کے لیے اہل ***نہیں*** ہوا، تو ابتدائی معاونت کے پروگرام کی خدمات آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے ایک دن پہلے ختم ہو جائیں گی۔

**آپ کے بچے کی منتقلی کے منصوبے کا جائزہ لیا جائے گا اور اگر ضرورت ہو، تو اس پر نظرثانی کی جائے گی۔**

**اگر آپ کے بچے اور خاندان کو دیگر خدمات کی ضرورت ہو، تو منصوبے میں ان خدمات کو شامل کیا جائے گا اور ان خدمات کے حصول کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔**

- اگر آپ کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کے اہلیت یا خدمات کے بارے میں فیصلے سے متفق نہ ہوں یا اگر آپ نے تو کمیٹی کو اپنے بچے کے جائزے کے لیے اپنی رضامندی مقررہ وقت سے پہلے بھیج دی ہو تاکہ کمیٹی آپ کے بچے کے پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن خدمات کے لیے اہلیت کے بارے میں فیصلہ کر سکے مگر کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم نے اپنا کام مقررہ وقت پر مکمل نہ کیا، تو آپ کو تعلیمی قانون کے تحت مناسب کارروائی کے حقوق حاصل ہوں گے۔

آپ درج ذیل کر سکتے ہیں:

- وضاحت یا تکنیکی معاونت کے لیے اپنے اسپیشل ایجوکیشن کوالٹی ایشورنس ریجنل آفس (Special Education Quality Assurance Regional Office) سے رابطہ کریں۔
- اگر کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم نے وقت پر فیصلہ نہ کیا ہو، تو آپ کمیٹی کے فیصلے پر ثالثی یا ایک غیرجانبدارانہ سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔

جب تک آپ کسی حتمی فیصلے کا انتظار کر رہے ہوں، آپ کے بچے کو وہ خدمات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے جن پر آپ نے کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کے ساتھ اتفاق کیا ہو۔ اگر آپ اور کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم آپ کے بچے کو درکار خدمات کے بارے میں متفق نہیں ہو پاتے، تو ایک غیرجانبدارانہ سماعتی افسر یہ فیصلہ کرے گا کہ اس دوران آپ کے بچے کو کون سی خدمات فراہم کی جانی چاہئیں۔

اگر آپ کا سروس کوآرڈینیٹر آپ کو وقت پر وہ معلومات فراہم نہیں کرتا جن کی آپ کو اپنے بچے کو کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو ریفر کرنے کے لیے ضرورت ہو، تو آپ کے پاس عوامی صحت کے قانون کے تحت مناسب کارروائی کے حقوق موجود ہو سکتے ہیں، جن میں ثالثی اور ایک غیرجانبدارانہ سماعت کا انعقاد شامل ہیں۔

تاہم، مناسب کارروائی کے یہ حقوق صرف درج ذیل صورتوں میں حاصل ہوں گے:

- اگر آپ اپنے سروس کوآرڈینیٹر کو منتقلی کی کانفرنس کا انتظام کرنے کے لیے وقت پر رضامندی دے دیتے ہیں (ماسوائے یہ کہ آپ سروس کوآرڈینیٹر کو بتاتے ہیں کہ خود آپ منتقلی کانفرنس نہیں چاہتے)، اور
- اگر آپ اپنے بچے کو کمیٹی برائے پری اسکول خصوصی تعلیم کو اتنا بروقت ریفر کرتے ہیں کہ کمیٹی آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے پہلے یہ فیصلہ کرنے کے قابل ہو کہ آیا آپ کا بچہ پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن خدمات کے لیے اہل ہے۔